SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**June 15, 2017**

***For immediate release***

ایس ای سی پی نے آڈیٹر ز ریگولیشنز 2017 کا مسودہ جاری کر دیا

اسلام آباد (15 جون) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے نئے نافذ العمل ہونے والے کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت آڈیٹرز کی رپوٹنگ کی ذمہ داریوں سے متعلق، آڈیٹر ز ریگولیشنز 2017 کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے حصول کے لئے جاری کر دیا ہے۔ ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 میں ایک کمپنی کے آڈیٹرز پر کئی ایک ذمہ داریاں عائد کی گئیں ہیں۔اس ایکٹ کے تقاضوں کے مطابق ایس ای سی پی نے ان ریگولیشنز میں آڈیٹر ز میں بینکنگ کمپنیوں، انشورنس کمپنیوں اور تمام دیگر اقسام کی کمپنیوں کے لئے آڈٹ رپورٹ اور مالیاتی رپوٹوں کو ترتیب دینے اور جمع کروانے کے لئے الگ الگ فارمیٹ تجویز کئے ہیں۔

ان مجوزہ ریگولیشنز میں کمپنی کے سہ ماہی مالیاتی رپوٹوں، کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کی تعمیل کی رپورٹ اور پبلک سیکٹر کمپنیوں کے رولز 2013 پر عمل درآمد کی کمپلائنس رپورٹ اور کمپنی کے لائسنس کے شرائط پر عمل درآمد کی کمپلائنس اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمپلائنس رپورٹ کے نمونہ جات بھی تجویز کئے گئے ہیں۔ ان ریگولیشن کا مقصد آڈیٹرز کی جانب سے جمع کروائی جانے والی رپورٹوں کے لئے معیارات قائم کرنا ہے۔ عوام 29 جون تک اس ای میل ایڈریس commission.secretariat@secp.gov.pk پر اپنی تجاویز و آراء بھجوا سکتے ہیں۔